روح اخبار

—— محکمہ فوج کیلئے ہندوستان میں ہر ماہ ۷۵ لاکھ روپیہ سے زائد کی مالیت کے خیمے تیار ہوتے ہیں (تیج)

—— ریاست حیدرآباد کے کسٹم ڈیپارٹمنٹ کو گذشتہ سال ایک کروڑ ۲۹ لاکھ روپیہ کی آمدنی ہوئی ۱۲۰۹ کروڑ روپیہ کی درآمد اور ۱۰۹ کروڑ روپیہ کی برآمد ہوئی۔ اور ریاست میں زرعی آبادی اور صنعتی ترقی کے فائدے کیلئے درآمد کئے جانیوالے ۴ کروڑ ۸۰ لاکھ روپے کے سامان پر کسٹم ڈیوٹی معاف ہوئی۔ (تیج)

—— حکومت ہند کے محکمہ ڈاک خانہ و تار، ٹیلی فون اور وائرلیس سے ۹۰ لاکھ روپیہ سے زائد منافع ہوا۔ (تیج ۲۰ ۱/۱۱ ۶)

—— نومبر ۱۹۴۱ء کے آخر تک ختم ہونے والے آٹھ مہینوں میں حکومت ہند کو ۴۴ کروڑ ۶۸ لاکھ روپے کی آمدنی ہوئی۔ تمام سال کا بجٹ ۸۹ کروڑ ۵ لاکھ روپوں کا ہے۔ خرچ ۷۷ کروڑ ۶۱ لاکھ روپیہ ہوا جو کہ پچھلے سال اسی زمانہ میں ۶۹ کروڑ ۵ ۹ لاکھ روپیہ تھا۔ سال کا خرچ ایک ارب ۳۶ کروڑ ۴ ۷ لاکھ روپیہ رکھا گیا ہے۔ اس آمدنی و خرچ میں ریل، ڈاک اور تار کے بجٹ شامل نہیں ہیں (تیج)

—— زچاؤں اور حاملہ عورتوں کو اچھی اور مناسب غذا نہ ملنے کی وجہ سے ہندوستان میں ہر سال دس لاکھ سے زیادہ بچے ایک سال سے کم عمر میں مر جاتے ہیں (تیج ۱۸ ۱/۱۱ ۶)

—— اپریل ۱۹۴۰ء سے دسمبر ۱۹۴۰ء تک جنگی کوششوں پر حکومت برطانیہ نے کل ۱۲ ارب ۸۲ کروڑ ۵۵ لاکھ پونڈ (اندازاً ۳۷ ارب روپیہ) خرچ کیا ہے۔ ۹۹ کروڑ ۱۰ لاکھ پونڈ جنگی قرضوں سے وصول ہوا۔ اور ایک ارب ۱۳ کروڑ ۷۰ لاکھ پونڈ قرض لیا گیا (تیج ۲۵ ۱/۱۱ ۶)

—— ہندوستان کے جو طلبا جنگ کی وجہ سے ولایت نہیں جاسکے اور جنھوں نے ضروری شرائط کا لحاظ رکھا ہے انکا بیرسٹری کا امتحان یہیں لے لیا جائیگا۔ امتحان ۱۲ مئی ۱۹۴۱ء کو شروع ہوگا (زمزم ۲۷ ۱/۱۱ ۶)

—— یکم مئی ۱۹۴۱ء سے قرآن مجید کی تجارت صوبہ سرحد میں مسلمانوں کے ہاتھ میں آجائیگی۔ کوئی غیر مسلم یہ تجارت نہیں کرسکیگا۔ (زمزم)

—— ۲۴ جنوری، معلوم ہوا ہے کہ گورنر مدراس کے جنگی فنڈ میں ۸ ۷ لاکھ روپیہ جمع ہوچکا ہے۔ (انقلاب)

—— گذشتہ ستمبر۔ اکتوبر۔ نومبر۔ دسمبر چار ماہ میں جرمن کے ہوائی جہازوں کی بمباری سے کل ۱۲ ہزار ۶ سو ۶۹ برطانوی لوگ ہلاک ہوئے۔ اور تقریباً ایک لاکھ ۲۰ ہزار اشخاص زخمی ہوئے (تیج ۳۰ ۱/۱۱ ۶)

—— کلکتہ کی مردم شماری کے سلسلہ میں جو ابتدائی رپورٹ شائع ہوئی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ گذشتہ مردم شماری میں یہاں کی آبادی ۱۱ لاکھ اور مکانوں کی تعداد ۲ لاکھ تھی۔ اب آبادی ۱۷ لاکھ اور مکان ۳ لاکھ ہوگئے۔ (انقلاب)

—— یورپ کی منڈیاں بند ہونے کی وجہ سے ہندوستان کی تجارت برآمد میں ۲۵ کروڑ ۲۰ لاکھ روپیہ کی کمی ہوئی ہے (تیج ۳۰ ۱/۱۱)

جناب شیخ حاجی عبدالوہاب صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔